| Narration | Time |
|---|---|
| Meet The GIMP کے ٹیوٹوریل میں خوش آمدید. | 00.23 |
| یہ ٹیوٹوریل شمالی جرمنی کے بریمین میں رالف سٹانورٹ کی طرف سے تیار کیا گیا ہے. | 00.25 |
| اس امیج کے ساتھ آج کے ٹیوٹوریل کی شروعات کرتے ہیں. | 00.31 |
| آج میں ایک امیج کو ایک مثال کے طور پر استعمال کرتے ہوئے صرف اسی پر کام کروں گا. | 00.34 |
| اس selection یعنی انتخاب پر کام کرنا شروع کرنے سے پہلے، مجھے لگتا ہے کہ آپ کو اس کے بارے میں تھوڑی معلومات حاصل کر لینی چاہئے کہ اصل میں یہ selections کیا ہیں. | 00.44 |
| یہ اسکوئر ایک سلیکشن ہے اور یہ حصہ سلیکشن سے باہر ہے. | 00.57 |
| یہاں ظاہر متحرک لائنیں اس سلیکشن کے بارڈر ہیں. | 01.06 |
| GIMP کے لوگ ایک selection کو ایک channel کہتے ہیں. | 01.15 |
| سرخ، سبز یا نیلے جیسا ایک چینل یا ایک الفا چینل، جو ٹرانسپیرنسی کو کنٹرول کرتا ہے. | 01.19 |
| اس سلیکشن کے باہر، اس چینل کی ویلیو صفر ہے. | 01.28 |
| اور سلیکشن کے اندر اس کی ویلیو 255 ہے، ان دونوں ویلیوز کے درمیان بارڈر ہے اور ان کے درمیان ویلیوز 255 سے کم اور صفر سے زیادہ ہو سکتا ہے. | 01.33 |
| لہذا ایک سلیکشن کو تبدیل کرنا یا ایک سلیکشن بنانا، کچھ اعداد کو تبدیل کرنا ہے. | 01.48 |
| اور اب اس پر ایک نظر ڈالتے ہیں کہ ایک سلیکشن کس طرح بناتے ہیں. | 01.55 |
| ایک سلیکشن کو غیر منتخب کرنے کے دو طریقے ہیں. | 02.01 |
| پہلا طریقہ ہے، سلیکشن پر جائیں اور none منتخب کریں. | 02.05 |
| آپ Shift + Ctrl + A کیز دبانے سے بھی ایک سلیکشن کو غیر منتخب کر سکتے ہیں. | 02.11 |
| اب Rectangle Select ٹول منتخب کریں، اور آپشنس ڈائیلاگ میں دیکھیں. | 02.22 |
| سب سے اوپر، چار آپشنس ہوتے ہیں. | 02.33 |
| پہلا آپشن replace the current selection ہے. | 02.36 |
| لہذا میں یہاں مختلف علاقوں کو منتخب کرتا ہوں، اور آپ دیکھ سکتے ہیں کہ جیسے ہی میں ایک نئے علاقے کو منتخب کرتا ہوں، پرانا selection ڈیلیٹ ہو جاتا ہے. | 02.40 |

| | |
|---|---|
| 02.52 | دوسرا آپشن add to the current selection ہے. |
| 02.58 | اس آپشن کو منتخب کر کے، میں ایک امیج میں مختلف علاقوں کو منتخب کر سکتا ہوں اور ایک کافی پیچیدہ سلیکشن حاصل کر سکتا ہوں. |
| 03.17 | اور اگر میں کلر ٹیبز پر جاتا ہوں اور سلیکشن کے اوپر رنگ کھینچ کر لاتا ہوں، تو آپ دیکھ سکتے ہیں کہ تمام منتخبہ علاقے اس رنگ سے بھر جاتے ہیں اور وہ علاقہ جو منتخب شدہ ہوتا ہے اور جڑا نہیں ہوتا ہے، بھی بھر جاتا ہے. |
| 03.44 | اس طرح ایک سلیکشن میں کچھ شامل کرنے میں ہر سلیکشن کو ایک کے طور پر سمجھا جاتا ہے، بھلے ہی اس سلیکشن کے حصوں کے درمیان کوئی کنکشن نہ ہو. |
| 03.57 | یہ تھوڑا سا مشکل ہے. |
| 03.59 | فِلِنگ کو انڈو کرنے کے لئے Ctrl + Z دبائیں اور ہر چیز کو غیر منتخب کرنے کے لئے shift + Ctrl + A دبائیں، اور آپشنس ڈائیلاگ پر واپس آئیں. |
| 04.11 | اب یہاں ایک اسکوئر منتخب کرتے ہیں اور Substract from the Current Selection منتخب کریں. |
| 04.21 | اس علاقے کو منتخب کریں لیکن کچھ نہیں ہوتا ہے. |
| 04.27 | لیکن جب میں ان علاقوں کا انتخاب کرتا ہوں، تو آپ دیکھ سکتے ہیں کہ کنارے کٹ جاتے ہیں. |
| 04.36 | آپ دیکھ سکتے ہیں کہ سلیکشن کا فریم وہاں رہتا ہے اور جب میں یہ چلاتا ہوں، تو تبدیلی کی جا سکتی ہیں. |
| 04.47 | لہذا آپ کی طرف سے کیا گیا آخری سلیکشن تب تک بدل سکتا ہے جب تک آپ ایک نیا سلیکشن حاصل کرنے کے لئے دوسرے مقام میں کلک نہیں کرتے ہیں، آپ ہر وقت اپنے کام کو تبدیل کر سکتے ہیں. |
| 05.07 | اب آخری آپشن Intersect with the current selection ہے. |
| 05.14 | اس کا استعمال کر کے دیکھتے ہیں. |
| 05.17 | میں یہاں ریکٹینگل منتخب کرتا ہوں، اس کے باہر کا علاقہ منتخب نہیں ہوتا اور جو selections اس سے پہلے کیے گئے تھے، ڈیلیٹ ہو جاتے ہیں. |
| 05.32 | اور اس ریکٹینگل کو واحد selection رکھا جاتا ہے. |
| 05.38 | میں تب تک اس ریکٹینگل میں ترمیم بھی کر سکتا ہوں جب تک میں اس علاقے کو منتخب نہیں کر لیتا جسے میں منتخب کرنا چاہتا ہوں. |
| 05.49 | تو اب ہم نے چار موڈس یعنی Replace, Add, Subtract اور Intersect کو سمجھ لیا ہے. |
| 06.06 | آپ صرف کلک کرنے سے ایک سلیکشن کو تبدیل کر سکتے ہیں. |

| | |
|---|---|
| 06.11 | Adding یعنی جمع Click اور Shift دبا کر کیا جا سکتا ہے. |
| 06.17 | لہذا اسے کر کے دیکھتے ہیں، میں شفٹ کی دبا تا ہوں اور پھر کلک کر کے میں نئے سلیکشن شامل کرنا شروع کرتا ہوں. |
| 06.29 | اور جب میں شفٹ کی اور ماؤس کی دبا تا ہوں تو ایک پلس کا نشان دکھایا جا تا ہے. |
| 06.39 | اب اگر میں سلیکشن کو سبٹر یکٹ یعنی تفریق کرنا چاہتا ہوں، میں ctrl کی دبا سکتا ہوں اور اب میں ماؤس کی دبا تا ہوں اور چلانا شروع کرتا ہوں، پھر آپ ایک مائنس نشان دیکھ سکتے ہیں. |
| 06.57 | لہذا اب میں اس سلیکشن کو سبسٹر یکٹ کر سکتا ہوں. |
| 07.02 | انٹرسیکشن کے لئے، Shift، اور Ctrl کو ایک ساتھ دبایا جانا چاہیئے اور پھر انٹرسیکٹ کرنے کے لئے ایک علاقے کو منتخب کیا جانا چاہیئے. |
| 07.26 | اگر آپ ان کی کمبنیشس کو یاد کر لیتے ہیں تو آپ نسبتاً زیادہ تیزی سے علاقے کو منتخب کر سکتے ہیں. |
| 07.33 | اور وہی کیز دوسرے سلیکشن ٹول کی طرف سے استعمال کی جاتی ہے. |
| 07.38 | لہذا آپ کو صرف ایک بار ان کے بارے میں سیکھنا ہوگا. |
| 07.44 | Shift، Ctrl، A، تمام سلیکشنو کو غیر فعال کرتا ہے اور نارمل موڈ میں واپس لاتا ہے اب یہاں دوسرے مواد کے ساتھ شروع کرتے ہیں. |
| 07.56 | اگلا آپشن Feather Edges ہے، اور جب میں اس کا انتخاب کرتا ہوں تو آپ کو یہاں Radius Count کے طور پر دوسرا آپشن حاصل ہوتا ہے. |
| 08.09 | لہذا میں اسے تھوڑا سا بڑھا تا ہوں اور ایک علاقے کو منتخب کرتا ہوں. |
| 08.15 | اب یہاں آپ ایک گولائی دار کونا دیکھ سکتے ہیں. |
| 08.21 | میں یہاں گولائی دار کونے نہیں رکھنا چاہتا |
| 08.25 | صرف آپ کو دکھانے کے لئے کہ کیا ہوتا ہے، میں اسے سیاہ رنگ سے بھر دیتا ہوں اور امیج پر میں زوم کرتا ہوں. |
| 08.37 | آپ یہاں سینٹر یعنی مرکز میں سیاہ رنگ دیکھ سکتے ہیں، یہ کناروں کے نزدیک ہلکا ہوتا جاتا ہے اور یہ مارجن اینڈس یعنی سِرے حقیقی سیاہ اور اصل امیج کے درمیان چلتے رہتے ہیں، یہاں سلیکشن کی ویلیو 128 ہے. |
| 09.09 | لہذا سیاہ رنگ کا نصف حصہ سلیکشن کے اندر اور نصف باہر fade یعنی پھیکا ہوتا ہے. |
| 09.19 | مارجن اینڈ آپکے سلیکشن کا واحد حقیقی کنارا ہے جب آپ نے ایک ہارڈ سلیکشن کیا ہے. |
| 09.29 | Feather edges ہموار سلیکشن حاصل کرنے کے لئے ایک اچھا انتخاب ہے. |

| | |
|---|---|
| 09.35 | feather سلیکشن کے ساتھ، آپ ایک کم شارپ scene کو حاصل کر سکتے ہیں اور یہ اس طریقے سے آسان ہے. |
| 09.45 | تکنیکی علم رکھنے والے لوگ feather سلیکشن کو Gaussian blur کے نام سے جانتے ہیں اور یہاں میری طرف سے منتخب کی گئی ریڈیس Gaussian Blur کی ریڈیس ہے. |
| 10.04 | اگلا آپشن Rounded Corners ہے. |
| 10.09 | یہ راونڈِ ڈ یعنی گولائی دار کارنرس پر مشتمل ایک ریکٹینگل ہے اور آپ راونڈِ ڈ کارنرس کی ریڈیس مقرر کر سکتے ہیں. |
| 10.20 | یہاں راؤنڈ حصہ ظاہر کیا گیا ہے اور یہ مارجن سیدھے پارٹس یعنی حصے ہیں. |
| 10.28 | یہاں اگلا آپشن Antialiasing ہے. |
| 10.34 | یہ آپشن، کونوں کی پینٹنگ کو مقرر کرتا ہے. |
| 10.40 | میں ابھی اس سلیکشن کو سیاہ رنگ سے بھرتا ہوں اب میں میرے سلیکشن ٹول پر واپس جاتا ہوں میں antialiasing کو غیر منتخب کرتا ہوں اور دوسرا سلیکشن کرتا ہوں اور اسے بھی سیاہ رنگ سے بھرتا ہوں. |
| 11.09 | زوم ٹول منتخب کریں اور Shift + Ctrl + A دبانے سے تمام سلیکشنوں کو غیر منتخب کریں اور اس علاقے میں زوم کریں. |
| 11.24 | اور یہاں antialiasing کے بغیر کنارا ہے اور اسے یا تو سیاہ رنگ سے بھرا گیا ہے یا سیاہ رنگ سے نہیں بھرا گیا ہے. |
| 11.37 | اور یہاں آپ گرے سیڑھی دیکھ سکتے ہیں. |
| 11.42 | یہاں آپ jaggis کے بغیر ہموار کونے تلاش کر سکتے ہیں اور اسے Antialiasing کہا جاتا ہے. |
| 11.53 | اس سلیکشن میں گول کونے نہیں ہے بلکہ یہ سٹیپس کی رینج ہے. |
| 12.04 | اور جب میں 100% زوم پر واپس جاتا ہوں تو مجھے یہاں jaggies دکھائی دیتے ہیں یہ ہموار نہیں ہے بلکہ یہاں یہ کونے ہموار ہیں اور آپ آسانی سے اسکی مشق کر سکتے ہیں. |
| 12.32 | اگر آپ ہموار کونے پانا چاہتے ہیں تو Antialiasing منتخب کریں. |
| 12.42 | اور اگر آپ یہاں ان گرے رنگ کی ٹونز کو برقرار رکھنا چاہتے ہیں تو اس آپشن کو غیر منتخب کرتے ہیں. |
| 12.55 | لہذا میں اس آپشن کو منتخب کرتا ہوں اور اس میں Expand From Centre نامی ایک ذیلی آپشن ہے. |
| 13.04 | میں اس کا انتخاب کرتا ہوں اور اس کے ساتھ کام کرنا شروع کرتا ہوں. |
| 13.13 | لہذا میں یہاں ایک نقطہ رکھتا ہوں اور میں یہاں سے اپنے سلیکشن کو کھینچنا شروع کرتا ہوں. |
| 13.21 | آپ اسے اس نقطہ سے بڑھتے ہوئے دیکھ سکتے ہیں یہ نقطہ ہمیشہ اس سلیکشن کے سینٹر یعنی وسط میں ہوتا ہے. |

| | |
|---|---|
| 13.31 | جب میں اس آپشن کو غیر منتخب کرتا ہوں، میں سلیکشن کو یہاں کھینچ سکتا ہوں اور کونوں کی پوزیشن میرے سلیکشن کے مطابق بدلتی ہے. |
| 13.46 | یہاں اس کے لئے کی کوڈ دیا گیا ہے. |
| 13.51 | جب میں اس نقطہ پر کلک کرتا ہوں اور ctrl دباتا ہوں، مجھے سینٹر یعنی مرکز سے ایک selection حاصل ہوتا ہے اور سلیکشن مرکز سے پھیلتا ہے. |
| 14.06 | اور جب میں ctrl کی کو چھوڑ دیتا ہوں، تو سلیکشن غائب ہو جاتا ہے. |
| 14.16 | جب میں ماؤس بٹن دبا کر پہلے Ctrl کی دباتا ہوں، میں ایک سلیکشن کو سبٹریکٹ کر سکتا ہوں لیکن جب میں ماؤس بٹن اور اس کے بعد Ctrl کی دباتا ہوں، میں سینٹر سے سلیکشن حاصل کر سکتا ہوں. |
| 14.42 | یہاں اگلا آپشن Fixed Aspect Ratio ہے یہاں میرے پاس 1 by 1 کے طور پر ڈفالٹ aspect ratio ہے اور جب میں اسے بناتا ہوں، تو یہ ہمیشہ ایک اسکوئر یعنی مربع ہوگا |
| 15.08 | میں یہاں 3 by 2 لیتا ہوں اور مجھے ہمیشہ 3 by 2 کے تناسب میں ایک سلیکشن حاصل ہوتا ہے اسے 3by 2 کے تناسب میں سوئچ کرنے سے مجھے landscape موڈ میں ایک سلیکشن حاصل ہوتا ہے. |
| 15.31 | یہاں ایک درست اسکوئر بنانے کا ایک اور طریقہ دیا گیا ہے. |
| 15.36 | میں اس نقطہ پر سلیکشن شروع کرتا ہوں اور بناتا ہوں اور پھر shift دباتا ہوں. |
| 15.46 | اب یہاں پہلے سے مقرر ویلیو کے ساتھ fixed aspect ratio کو منتخب کیا جاتا ہے. |
| 15.54 | یہ ایک تیز طریقہ ہے، میں shift دبا کر مطلوبہ aspect ratios والے علاقوں کو منتخب کر سکتا ہوں، جو میں چاہتا ہوں . |
| 16.08 | اگلا آپشن highlight ہے، جب میں اس کا استعمال کرتا ہوں، وہ علاقہ جو منتخب نہیں ہے، سرمئی ہوتا ہے اور وہ پورا علاقہ، جو منتخب ہے، سفید ہوتا ہے. |
| 16.24 | اور یہ صرف موجودہ سلیکشن سے متعلق ہے لہذا اس کو غیر منتخب کرتے ہیں اور دوسرے آپشنس کو دیکھتے ہیں. |
| 16.35 | یہاں آپ یہ ویلیو خود سے مقرر کر سکتے ہیں اگر میں یہاں fix پر کلک کرتا ہوں تو میں سلیکشن کے سائز کو تبدیل نہیں کر سکتا ہوں. |
| 16.47 | لیکن اگر میں چوڑائی کو دو پکسل کم اور اونچائی ایک پکسل زیادہ رکھنا چاہتا ہوں، تو یہ سلیکشن کو فائن ٹیون کرتا ہے. |
| 16.59 | میں X کی ویلیو کو بڑھا کر سلیکشن کو دائیں طرف تھوڑا سا کھسکا سکتا ہوں، جو نقطہ آغاز ہے. |
| 17.10 | اور جب میں fix پر کلک کرتا ہوں تو میں پورے سلیکشن کو منتقل یا چلا سکتا ہوں. |

| | |
|---|---|
| 17.17 | لہذا 'X'اور 'Y'ویلیو، بائیں سب سے اوپر کے پوائنٹ کے نقطہ آغاز ہیں اور Fix بٹن کے ساتھ میں movement یعنی حرکت کو بلاک کر سکتا ہوں. |
| 17.30 | اگلا آپشن guides ہے. |
| 17.34 | میں ایک Centre Line منتخب کرتا ہوں جو مجھے یہ ظاہر کرتی ہے کہ اس سلیکشن کا middle point یعنی مرکزی نقطہ کہاں ہے. |
| 17.44 | میرے پاس Rule Of Thirds ہوسکتا ہے، جسے گرافک کام کے لئے استعمال کیا جاتا ہے یا میرے پاس Golden sections ہوسکتا ہے جو Rule Of Thirds کے جیسا ہے. |
| 18.00 | سب سے نیچے Auto Shrink سلیکشن اور Shrink Merged دیا گیا ہے. |
| 18.08 | Auto Shrink Selection زیادہ مفید نہیں ہے. |
| 18.14 | لیکن Shrink Merged ایک آپشن ہے، جسے میں منتخب کرتا ہوں، یہ الگورتھم تمام لیئرس کو دیکھتا ہے، اور اگر صرف وہ لیئر غیر منتخب ہوتی ہے، جس پر آپ کام کر رہے ہیں، اُس پر توجہ دی جاتی ہے. |
| 18.34 | ان آپشنس کا دوبارہ مطالعہ کرنے سے پہلے، ہم Ellipse سلیکشن کے بارے میں بات کریں گے. |
| 18.42 | Shift + ctrl + A دبانے سے تمام سلیکشنوں کو غیر منتخب کریں. |
| 18.49 | سب سے اوپر، آپ کو وہی آپشن ملتے ہیں جیسے Replace current selection، Add to the selection، کلک کرنے سے پہلے Shift key کے ساتھ، اور کلک کرنے سے پہلے Ctrl key کے ساتھ Substract اور کلک کرنے سے پہلے Shift اور Ctrl key کے ساتھ Intersect، . |
| 19.12 | ہموار کناروں کے لئے دوبارہ Antialiasing کی جاتی ہے. |
| 19.17 | یہ rectangles کے مقابلے ellipse کے لئے بہت اہم ہے، کیونکہ ellipse ہمیشہ گول ہوتے ہیں. |
| 19.26 | Feather edges اسی طرح کا آپشن ہے، جیسا ریکٹینگل میں ہوتا ہے. |
| 19.32 | جب میں اسے سیاہ رنگ سے بھرتا ہوں، آپ سیاہ اور سفید رنگ کے درمیان ایک ہموار گریڈئنٹ دیکھ سکتے ہیں اور یہ مارجن کے سرے سیاہ اور سفید رنگ کے درمیان ہوتے ہیں. |
| 19.54 | Expand from centre بھی ماؤس بٹن پر کلک کرنے کے بعد ctrl کی دبانے کی مانند ہی کام کرتا ہے. |
| 20.05 | Fixed aspect ratio بھی ویسا ہی رہتا ہے، ماؤس بٹن پر کلک کرنے کے بعد، آپ کو 1 by 1 کے aspect ratio والا ایک مکمل دائرہ حاصل ہوتا ہے. |

| | |
|---|---|
| 20.19 | اب آخری ٹول پر آتے ہیں، جو میں آپ کو آج دکھانا چاہتا ہوں اور یہ Free Select ٹول ہے. |
| 20.29 | جب میں ٹول منتخب کرتا ہوں، مجھے یہاں بھی وہی آپشن دکھائی دیتے ہیں اور اس کی کیز بھی Add، Replace، Substract اور Intersect کے لئے ویسے ہی کام کرتی ہیں. |
| 20.44 | اس میں صرف دو اور آپشنس ہوتے ہیں یعنی Antialiasing اور پہلے جیسے فنکشنس کے ساتھ feather edges |
| 20.54 | یہاں مجھے دائرے کا ریڈیس حاصل ہوتا ہے اور میں اب اسے غیر منتخب کرتا ہوں. |
| 21.00 | میں مثال کے طور پر آپ کو دکھانے کے لئے پتے کے اس نچلے حصے کو منتخب کرتا ہوں |
| 21.08 | اور میں اس امیج میں کلک کرتا ہوں جہاں سے میں سلیکشن شروع کرنا چاہتا ہوں ایک لائن ڈرا کرتا ہوں اور پتے کے کناروں کے گرد کھینچتا ہوں. |
| 21.33 | اب میں نے اس علاقے کو منتخب کر لیا ہے. |
| 21.38 | میں فائن ٹیوننگ کے لئے امیج میں زوم کرتا ہوں. |
| 21.43 | اور میرے سلیکشن ڈائیلاگ میں، میں Add To The Current Selection منتخب کرتا ہوں اور اس سلیکشن کو ایڈجسٹ کرنا شروع کرتا ہوں. |
| 22.10 | الگورتھم اس نقطہ کے لئے سب سے چھوٹے راستے کا پتہ لگاتا ہے جہاں سے آپ نے سلیکشن کرنا شروع کیا تھا. |
| 22.19 | سلیکشن کو آسان بنانے کے لئے، میں ایک Quick Mask کا استعمال کر سکتا ہوں. |
| 22.26 | نچلے بائیں کونے پر آپشن، Toggle Quick Mask ہے، میں اسے ٹوگل کرتا ہوں اور آپ دیکھ سکتے ہیں کہ میری پوری امیج سرخ ہو جاتی ہے. |
| 22.38 | یہ تھوڑا سا اُلجھا سا آپشن ہے کیونکہ وہ علاقہ، جسے ہم نے منتخب کیا ہے، اور وہ علاقہ، جسے منتخب نہیں کیا ہے، سرخ رنگ میں ظاہر ہوتے ہیں. |
| 22.51 | میں ٹوگل پر جاتا ہوں، اور اس پر رایٹ کلک کرنے پر مجھے Configure، Colour اور Opacity کے آپشنس حاصل ہوتے ہیں اور یہاں میں ایک color مقرر کر سکتا ہوں، میں اسے نیلے کے طور پر مقرر کرتا ہوں. |
| 23.07 | اب وہ علاقہ جو منتخب کیا گیا ہے، سرخ ہو جاتا ہے اور مکمل علاقہ نیلے رنگ کا ہو جاتا ہے. |
| 23.19 | اب میں ایک recap منتخب کرتا ہوں اور منتخبہ علاقے کو پینٹ کرنا شروع کرتا ہوں، لیکن اس سے پہلے میں 'X' کی کا استعمال کرتے ہوئے فورگراؤنڈ اور بیک گراؤنڈ رنگ تبدیل کرتا ہوں. |
| 23.38 | اب میں پینٹ کرنا شروع کرتا ہوں. |

| | |
|---|---|
| 23.48 | اور جب میں بارڈر زیادہ پینٹ کرتا ہوں، میں background colour کے ساتھ پینٹ کرسکتا ہوں. |
| 24.00 | پینٹنگ کے لئے، مجھے صحیح سائز کا برش منتخب کرنا چاہیئے. |
| 24.23 | جب میں ماسک کو un-toggle کرتا ہوں، تو آپ یہاں selection میں غلطی دیکھ سکتے ہیں اور یہاں بھی. |
| 24.35 | چنانچہ ٹوگل کو منتخب کرتا ہوں اور غلطیوں کو درست کرتا ہوں. |
| 24.44 | درست ہو گیا. |
| 24.50 | تو Quick Mask ایک پیچیدہ selection کو درست کرنے کا ایک آسان طریقہ ہے. |
| 24.59 | آپ Quick Mask سلیکشن کو ایک ٹول کے طور پر استعمال کر سکتے ہیں. |
| 25.05 | آپ ماسک کی opacity کو تبدیل کر سکتے ہیں اب آپ مشکل سے ان حصوں کو دیکھ سکتے ہیں، جنہیں منتخب نہیں کیا گیا ہے. |
| 25.19 | زیادہ تر معاملوں میں opacity 50% صحیح مقدار ہے. |
| 25.28 | آپ غیر منتخبہ علاقوں کے لئے اپنی پسند کا رنگ منتخب کر سکتے ہیں. |
| 25.36 | یہاں ایک اور آپشن دیا گیا ہے جسے mask selected areas کہا جاتا ہے. |
| 25.43 | اس کا اثر بالکل quick mask کے برعکس ہوتا ہے. |
| 25.48 | اب منتخبہ علاقے کو نیلے رنگ سے پینٹ کیا جاتا ہے اور یہاں یہ اس صورت میں بہتر دکھائی دیتا ہے. |
| 25.59 | اور جب آپ quick mask کو غیر منتخب کرتے ہیں، آپ اپنی سلیکشن دیکھ سکتے ہیں. |
| 26.08 | اب مان لیتے ہیں کہ میں نے یہاں ایک بہترین سلیکشن بنالیا ہے اور میں سلیکشن کو اگلی بار کام کرنے کے لئے سیو کرنا چاہتا ہوں اور اسے کھونا نہیں چاہتا ہوں. |
| 26.29 | Select پر جائیں اور save to channels پر، کیونکہ سلیکشنس بنیادی طور پر چینلز ہیں. |
| 26.45 | میں اسے Mask1 کے طور پر سیو کرتا ہوں، اسے 'XCF' فائل کے ساتھ سٹور کیا جائے گا. |
| 26.55 | اب میں Shift + Ctrl + A دبا کر سب کچھ غیر منتخب کرسکتا ہوں. |
| 27.02 | دوسرے حصے کو منتخب کریں، اور جب میں میرے سلیکشن پر واپس جاتا ہوں تو یہاں میں سلیکشن میں کچھ اضافہ کرسکتا ہوں یا سلیکشن سے کچھ سبٹریکٹ کرسکتا ہوں یا سلیکشن کو انٹرسیکٹ بھی کرسکتا ہوں اور میرا سلیکشن یہاں واپس حاصل ہوتا ہے. |

| | |
|---|---|
| 27.23 | اگر آپ اسے سیو کرنا چاہتے ہیں، تو صرف Select پر جائیں اور save to channels پر۔ الوداع. |
| 27.34 | اس ٹیوٹوریل کا ترجمہ اور صدا بندی میں نے یعنی وجاحت احمد نے کی ہے . شامل ہونے کے لئے شکریہ. |
| | |